*This Question Paper contains 12 printed pages.*

***(Section - A, B, C & D)***

**05(U)**

Sl.No. 3329

**(March/April 2022)**

---

***Maximum Marks : 80]*** ***[Time : 3 Hours***

## ہدایات :

1) واضح صاف لکھاوٹ میں لکھیں۔

2) اس سوالیہ پرچے میں **A, B, C & D** چار سیکشن اور سوالیہ نمبر 1 سے 56 ہیں۔

3) تمام سوالات لازمی ہیں۔صرف داخلی اختیارات ہیں۔

4) بائیں جانب کی تعداد سوال کے نشانات کی نمائندگی کرتے ہیں۔

5) کُل چار حصّوں کے نمبر (مارکس) 80 ہیں۔ ہر حصّہ 20 نمبر (مارکس) کا ہے۔

6) جہاں بھی ضروری ہو صاف خاکہ اُتاریئے۔

7) جوابیہ پرچے میں نیا سیکشن نئے صفحے سے لکھے جائیں۔اور جوابات کو عددی ترتیب میں لکھیں۔

---

## SECTION - A

سوال1۔ (الف) مناسب جوڑیاں بنائیے۔ [4]

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| .1 | عورتوں کے حقوق | (A) | مولوی عبدالحق |
| .2 | آزمائش | (B) | سعادت حسن منٹو |
| .3 | ماحول بچائیے | (C) | سر سیّد احمد خاں |
| .4 | مخلوط زبان | (D) | محمد مجیب |
| | | (E) | محمد اسلم پرویز |

(ب) مندرجہ ذیل قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے صحیح لفظ پسند کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔ [4]

.5 نیا قانون ہندوستان میں ________ کو نافذ ہونے والا تھا۔ [1]

(پہلی مارچ، پہلی جون، پہلی اپریل)

.6 دِن کے وقت کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں. یہ جملہ ________ نے کہا تھا۔ [1]

(دادا جی، بھولا، مایا)

.7 رجنی کے ________ بھائی بہن تھے۔ [1]

(تین، پانچ، چار)

.8 سر سیّد کو ________ نے پالا تھا۔ [1]

(سلمہ بی بی، مسماۃ ماں بی بی، مریم ماں بی بی)

(ج) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔ [2]

9. بھاگ وتی نے محل میں، کن، کن لوگوں کو چھپا رکھا تھا؟ [1]

10. سچی دوستی کس کا نام ہے؟ [1]

(د) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

11. منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟ [2]

12. انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے۔ ایسا کیوں واضح کیجئے۔ [2]

13. تیزابی بارش کیسے کہتے ہیں؟ اس کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔ [2]

(ذ) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب آٹھ دس جملوں میں دیجیے۔ (کوئی دو) [6]

14. سر سیّد کے نانا کے یہاں دسترخوان کے آداب کیا تھے؟ [3]

15. رام سہائے اور اُس کی بیوی بھاگ وتی کے خیالات میں کیا فرق تھا؟ [3]

16. مخلوط زبان سبق میں اُردو زبان کی، کن خصوصیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ [3]

## SECTION - B

سوال2۔ (الف) مناسب جوڑیاں بنائیے۔ [4]

| (الف) | | (ب) |
|---|---|---|
| .17 | اقبال | (A) گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں |
| .18 | انیسؔ | (B) لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے |
| .19 | فانیؔ | (C) گرمی اور دیہاتی بازار |
| .20 | ذوقؔ | (D) حقیقت حُسن |
| | | (E) دُنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے |

(ب) مندرجہ ذیل قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے صحیح لفظ پسند کر کے خالی جگہ پُر کیجئے۔ [4]

.21 چمن سے روتا ہوا __________ گیا۔ [1]
(موسمِ بہار، موسمِ گرما، موسمِ لبسنت)

.22 غزل کے پہلے شعر کو __________ کہتے ہیں۔ [1]
(مقطع، مطلع، حُسنِ مطلع)

23. یومسکرائے جان سی ________ میں پڑگئی۔ [1]

(پھولوں، کلیوں، پتّوں)

24. آندھی نظم کے شاعر ________ ہیں۔ [1]

(جوش، کیفی اعظمی، اقبال)

(ج) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔ [2]

25. جلوؤں کے ازدھام سے شاعر کی کیا مُراد ہے؟ [1]

26. حُسن نے خُدا سے کیا سوال کیا؟ [1]

(د) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

27. کامیاب دید اور محروم دید کی وضاحت کیجیے۔ [2]

28. آندھی آنے کے کیا آثار نظر آتے ہیں؟ [2]

29. شاعر خالی ظرف کی صدا سے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟ [2]

(ز) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب آٹھ دس جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [6]

30. پردیس میں وطن سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہو کر کیا کیا پوچھتا ہے؟ [3]

31. شاعر نے دل کو نرالی بستی کیوں کہا ہے؟ [3]

32. شاعر نے دیہاتی بازار کی منظر کشی کس طرح کی ہے؟ [3]

## SECTION - C

سوال 3۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ہدایت کے مطابق دیجیے۔

33. مندرجہ ذیل میں سے صحیح تلفظ والا الفاظ تلاش کیجئے۔ [1]

(A) گیرت (B) طاکت (C) شوق (D) مہفل

34. مندرجہ ذیل میں سے مرکب الفاظ پہچانیے۔ [1]

(A) قلعہ شکن (B) بچپن (C) توکل (D) مشاہیر

35. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صفتِ نسبتی پہچانیے۔ [1]

(A) بھاری (B) بڑا (C) ھندوستانی (D) عزیز

36. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مترادِف الفاظ پہچانیے۔ [1]

(A) عیش و آرام (B) عرش و فرش (C) صنم کدہ (D) جہاں نما

37. اِسمِ کیفیت پہچانیے۔ [1]

(A) زورآور (B) حیوانیت (C) آفات (D) واقف

38. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مصدر پہچانیے۔ [1]

(A) داستان (B) گنّا (C) گھومنا (D) چونا

39. 'جواب دہ' کا متضاد الفاظ کیا ہوگا؟ [1]

(A) ذِمہ دار (B) ذمہ داری سے بری (C) غیر ذمہ دار (D) ذِمّہ

40. "ہانیہ کاپی میں لِکھ رہی ہے"۔ اس جملے میں سے فاعل تلاش کیجئے۔ [1]

(A) کاپی (B) لِکھ (C) رہی ہے (D) ہانیہ

**41.** مندرجہ ذیل میں سے سابقے اور لاحقے والے الفاظ الگ کیجئے۔ (کوئی دو) **[1]**

صنم کدہ، کم عقل، جادوگر، ہم نشین

**42.** مندرجہ ذیل غیر معیاری الفاظ کے معیاری الفاظ لکھیے۔ **[1]**

کتّی، ترّت

**43.** مُحاورے کا معنی بتا کر جملے میں استعمال کیجئے۔ **[1]**

شیر وشکر ہونا

**44.** کہاوت کا مطلب بتائیے۔ **[1]**

خُدا کی لاٹھی میں آواز نہیں

**45.** مجموعۂ الفاظ کے لئے ایک جامع لفظ دیجیے۔ **[1]**

وہ زہر جس کے کھانے سے انسان مرجائے

**46.** مندرجہ ذیل الفاظ کی واحد کی جمع اور جمع کی واحد بتائیے۔ **[1]**

کتاب، احوال

**47.** خط کشیدہ الفاظ کی اِسم پہچانیے۔ **[1]**

فوجی سرحد پر مُلک کی حفاظت کرتے ہیں۔

**48.** اِسمِ ضمیر پہچانیے۔ **[1]**

طہورا اسکول نہیں آتی۔ آج کل وہ بہت بہانہ کرنے لگی ہے۔

**49.** جملے کی قسم پہچانیے۔ **[1]**

بھولا کہانی سُننے کا شوقین تھا۔

**50.** مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی صنعت پہچانیے۔ **[1]**

(1) کسی کے روپ میں تم بھی تو اپنے درشن دو

جہاں میں شاہ و گدا رنگ لائے ہیں کیا کیا

(2) سر پہ کافر دھوپ جیسے روح پر عکسِ گناہ

تیز کرنیں جیسے بوڑھے سود خواروں کی نِگاہ

51. مرکب الفاظ کی ترکیب واضح کیجیے۔ [1]

کارساز، کم یاب

52. جملہ درست کیجیے۔ [1]

رجنی رات کو خوشی کی نوکری میں سو نہ سکی

## SECTION - D

سوال 4۔(الف) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح تقریباً 15 جملوں میں لکھیے۔ [4]

53. لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں، منزل پہ پہنچتے ہیں دو اک

اے اہل زمانہ قدر کرو نایاب نہیں کم یاب ہیں ہم

یا

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے

اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

(ب) 54. احوال لکھیے آپ کی اسکول میں منائے گئے عید میلاد النبی کا احوال اختصار کیجیے۔ [4]

(ج) 55. دیئے گئے اقتباس کا ایک تہائی حصے 1/3 میں اختصار کیجیے۔ [4]

بچپن کا زمانہ جو حقیقت میں دُنیا کی بادشاہت کا زمانہ ہے، ایک دلچسپ اور پُر فضا میدان گذرا۔ جو کلفت کے گرد وغبار سے پاک تھا۔ نہ وہاں ریت کے ٹیلے تھے نہ خاردار جھاڑیاں تھیں، نہ آندھیوں کے طوفان تھے، نہ بادِ سموم کی لپیٹ تھی۔ جب اس میدان سے کھیلتے کودتے آگے بڑھے تو ایک صحرا اس سے زیادہ دلفریب نظر آیا۔ جس کے دیکھتے ہی ہزاروں دلولے اور لاکھوں اُمنگیں خود بخود دِل میں پیدا ہو گئیں۔ مگر یہ صحرا جس قدر نشاط انگیز تھا اسی قدر وحشت خیز تھا۔ اس کی سرسبز جھاڑیوں میں درندے چُھپے ہوئے تھے۔ اس کے خوشنما پودوں پر سانپ بچھو لپٹے ہوئے تھے۔ جوں ہی اس کی حد میں قدم رکھا شیر و پلنگ نکل آئے۔ باغِ جوانی کی بہار اگر چہ قابلِ دید تھی، مگر دُنیا کے مکرویات سے دم لینے کی فرصت نہ ملی۔ نہ خود آرائی کا خیال آیا۔ اور نہ عشق و جوانی کی ہوا لگی۔

(د) مندرجہ ذیل میں دیئے گئے نکات کی مدد سے تقریباً 250 لفظوں میں مضمون لکھئے۔ [8]

56. 1. میرا پسندیدہ شاعر

شاعری کا شوق ------ مطالعہ ------ بہت سے شاعروں کے کلام

------ پسندیدہ شاعر ------ خصوصی طور پر پسند ہونا ------ کیوں

پسندیدہ ------ زبانی یاد کیے ہوئے اشعار ------

2. آؤ ماحول بچائیں

دُنیا کے موسمی حالات میں تبدیلی۔۔۔۔۔۔۔شجر کشی اور بڑھتی ہوئی آبادی

۔۔۔۔۔۔۔ جنگلوں کا ستیاناس۔۔۔۔۔۔۔پانی بچانا۔۔۔۔۔۔شجر کاری کرنا۔۔۔۔۔

زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سمجھانا۔۔۔۔۔۔ماحول میں تبدیلی اسکولوں میں بچوں میں

بیداری۔۔۔۔۔۔لوگوں میں بھی بیداری۔۔۔۔۔۔

3. باغ کی سیر

روزمرّہ کی زندگی۔۔۔۔۔۔۔طبیعت کا بیزار ہونا۔۔۔۔۔۔تروتازہ ہونے کے لئے

باغ کی سیر۔۔۔۔۔۔۔باغ میں مختلف پھول، باغ کا منظر، مختلف لوگ۔۔۔۔۔۔۔

جھولے، گیم۔۔۔۔۔۔کھانے کی مختلف چیزیں۔۔۔۔۔۔۔خوشنما نظارہ

☆☆☆